لا فتى الا علي لا سيف الا ذو الفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳۸	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۵ ؍ جمادی الاول ۱۳۴۵ھ مطابق ۲۲ ؍ نومبر ۱۹۲۶ء	نمبر ۴۷

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	صفحات گزٹ
۱	رخصت بابو پربھو لال سب ڈویژنل افسر	۱و۲
۲	" ڈونگر سنگھ اسسٹنٹ سرجن	۲
۳	اضافہ جات اہلکاران بتقریب سالگرہ	۳
۴	" چندی سہائے	۴
۵	" سید منظور حسین	۴

درخواست اجناس نہیں آیا

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

۶ ؍ نومبر ۱۹۲۶ء

مسٹر پورٹ صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت و تجارت کا
منظوری رخصت یک ماہ بابو پربھو لال سب ڈویژنل افسر ریاست
تنخواہ دار ما بعد مع الاونس بجائے ... و تقرر ...
تنخواہ بقیہ الاونس محمد اللہ سب اوورسیر بابت انجام دہی کام

سب ڈویژنل افسری بطور عارضی بزمانہ رخصت بابو پربھو لال کو

حکم

بابو پربھو لال سب ڈویژنل افسر کی رخصت یک ماہ با انتظام مندرجہ رپورٹ منظور ہے - زمانہ رخصت میں نصف روپیہ بابو پربھو لال کو اور منشی سپشل الاؤنس منشی محمد اللہ انچارج کو ملیں گے - کاغذات بغرض اجراے احکام واپس ہوں -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات

بغرض اجراے احکام ضابطہ صدر کو مرسل ہو - یوم استفادہ سے رخصت منظور ہوئی - ۱۲ نومبر ۱۹۲۶ء

دستخط صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات

رخصت

۶ نومبر ۱۹۲۶ء

مثبتہ رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت دس یوم ڈاکٹر جگناتھ اسسٹنٹ سرجن از ۱۵ نومبر ۱۹۲۶ء

حکم

حسب رپورٹ ڈاکٹر جگناتھ اسسٹنٹ سرجن کی رخصت دس یوم از ۱۵ نومبر ۱۹۲۶ء سے منظور ہے - کاغذات براے اجراے احکام صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت حکم اجلاس ہمایون احکام ضابطہ جاری ہوں - ۱۲ نومبر ۱۹۲۶ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۰ نومبر ۱۹۲۶ء

تقریب سالگرہ ہمایون حسب صراحت ذیل اضافہ تنخواہ ملازمان منظور کیا جاتا ہے -

نام	عہدہ	تعداد اضافہ
۱ - مولوی سید انصار حسین	.	[illegible] ماہوار
۲ - محمد فیاض خان	افسر باغات	[illegible] ؍
۳ - کپتان راجا علی خان	اسسٹنٹ کنٹرولر پاور ہاؤس	[illegible] ؍
۴ - ڈاکٹر جگناتھ	اسسٹنٹ سرجن	[illegible] ؍
۵ - بابو کریم اللہ	سنیٹری انجینیر	[illegible] ؍
۶ - منشی مہر دیو پرشاد	افسر کارخانہ جات	[illegible] ؍
۷ - منشی محمد رشید الدین	اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ	[illegible] ؍
۸ - منشی پوشاکی لال	انگریزی کلرک جوڈیشل	[illegible] ؍
۹ - محمد ایوب خان	کمیدان ڈیوڑھیات	[illegible] ؍

حکم ہوا کہ

بذریعہ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

۱۱ نومبر ۱۹۲۶ء

مثبتہ رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر انہار دربارہ اضافہ تنخواہ منشی چندی سہاے پیشکار متعلقہ توشہ خانہ ذخیرہ بقدر پانچ روپیہ بوجہ قابل اطمینان ہونے کار پیشکار -

حکم

حسب سفارش صاحب سکریٹری بہادر انہار چندی سہاے پیشکار کی موجودہ تنخواہ میں پانچ روپیہ اضافہ منظور ہوا - احکام ضابطہ جاری ہوں -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۱ نومبر ۱۹۲۶ء

مثبتہ رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر انہار دربارہ اضافہ دس روپیہ سید منظور حسین ایکاؤنٹنٹ انہار و تین روپیہ اضافہ تنخواہ برج نندن پرشاد کلرک و مراری لال کلرک انہار

حکم

حسب سفارش صاحب سکریٹری بہادر انہار سید منظور حسین ایکاؤنٹنٹ انہار کی تنخواہ موجودہ میں دس روپیہ ماہوار اضافہ اور برج نندن پرشاد کلرک و مراری لال کلرک کی موجودہ تنخواہ میں تین تین روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہوا - احکام ضابطہ جاری ہوں -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر